بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے' ماڈل ٹاؤن لاہور' فون: 042-35869501' ای میل: media@tanzeem.org

09اگست2023ء

پریس ریلیز

سینیٹ کا صحابہ کرامؓ، امہات المومنینؓ اور اہل بیتؓ کی توہین پر عمر قید کی سزا کا قانون منظور کرنا قابل صد تحسین ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سینیٹ کا صحابہ کرامؓ، امہات المومنینؓ اور اہل بیتؓ کی توہین پر عمر قید کی سزا کا قانون منظور کرنا قابل صد تحسین ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ امسال جنوری میں جب قومی اسمبلی نے اس بل کو پاس کیا تھا تو ہم نے اس قدم کو سراہا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں صحابہ کرامؓ سے اپنی رضا کا اظہار کیا ہے اور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات کو اُمہات المومنین کا درجہ دے دیا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو آسمان پر ستاروں کی مانند قرار دیا ہے، جو امت کے لیے روشنی کے میناروں کی مانند ہیں اور اُن کی اتباع باعثِ ہدایت ہے۔ مملکتِ خداداد پاکستان میں کسی کو ہر گز یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ صحابہ کرامؓ، امہات المومنینؓ اور اہل بیتؓ کا ذکر ایسے طریقے سے کرے جس میں اسلام کی اِن مقدس ہستیوں کی تضحیک کا معمولی سا بھی پہلو نکلتا ہو۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتِ پاکستان اس قانون پر سختی سے عمل درآمد کرائے۔ تمام مسالک و مکاتبِ فکر کے علماء و خطباء ملی یکجہتی کو فروغ دینے کے لیے بھرپور جدوجہد کریں۔ میڈیا چینلز اسلام کی مقدس ہستیوں کے حوالے سے کسی بھی قسم کی تضحیک آمیز گفتگو کو نشر کرنے کی ہر گز اجازت نہ دیں۔ ہمیں صحابہ کرامؓ کی تعظیم کے ساتھ ساتھ انفرادی اور اجتماعی سطح پر اُن کے طرزِ زندگی کو بھی اپنانا ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلام سے بغاوت کی روش کو ترک کر کے مسلمانانِ پاکستان اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کے سچے وفادار بن جائیں اور ملک میں نظامِ مصطفیٰ ﷺ کے قیام کے لیے بھرپور جدوجہد کریں تاکہ ہم دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب و کامران ہو سکیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

امیرِ تنظیم:
شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم:
ڈاکٹر اسرار احمد

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Wednesday 9 August, 2023

"The Senate's passing of the law decreeing life imprisonment for blasphemy against the Righteous Companions *(RA)*, the Mothers of the Faithful *(RA)* and the Ahl Al-Bayt *(RA)* is highly commendable."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The Senate's passing of the law decreeing life imprisonment for blasphemy against the Righteous Companions *(RA)*, the Mothers of the Faithful *(RA)* and the Ahl Al-Bayt *(RA)* is highly commendable. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that we praised the development when the National Assembly passed this bill in January earlier this year. The fact of the matter is that Allah *(SWT)*, in the Holy Quran, has distinctly expressed His pleasure with the Righteous Companions of the Prophet *(RA)*, and has bestowed the exalted status of being the Mothers of the Faithful *(RA)* upon the Prophet's *(SAAW)* wives. Furthermore, the Prophet *(SAAW)* has proclaimed his Companions *(RA)* to be like stars in the sky, who act as beacons of light for the Ummah, and following them is a source of guidance. In this God-gifted state of Pakistan, there cannot be any sense of permissibility for anyone to mention the Righteous Companions *(RA)*, the Mothers of the Faithful *(RA)* and the Ahl Al-Bayt *(RA)* in such a manner which alludes to even the slightest mockery of these noble personalities. What is imperative moving forward is that the Government of Pakistan must implement this law strictly. Scholars and preachers of all branches and schools of thought should wholeheartedly struggle to promote national unity. Media outlets should absolutely prohibit the broadcasting of any form of derogatory content relating to Islam's honorable personalities. Alongside harboring utmost respect for the Righteous Companions *(RA)*, we must adopt their way of life in our individual and collective spheres. The dire need of the hour is that Muslims of Pakistan abandon their rebellious attitude towards Islam and become true devotees of Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)*, and struggle for the establishment of the Prophet's system in the country, so that we may attain true success both in this world and the Hereafter.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan